**بقیہ 1**

بھارتی پارلیمنٹ پر بھارتی اسلحے سے لیس حملہ آوروں نے حملہ کیا، جس میں 9 افراد ہلاک ہوئے۔ بھارت نے الزام لگایا کہ اس حملے کے پیچھے جیش محمد اور لشکر طیبہ ہیں۔ دونوں ممالک ایک بار پھر جنگ کے دہانے پر پہنچ گئے۔ نومبر 2008 میں دس حملہ آوروں نے ممبئی کے مختلف اہم مقامات پر حملے کیے، جن میں دو فائیو اسٹار ہوٹل، یہودی مرکز اور ریلوے اسٹیشن شامل تھے۔ ان حملوں میں 166 افراد جاں بحق ہوئے۔ بھارت نے پاکستان کے ساتھ تمام بات چیت معطل کر دی، جو بعد میں ایک منظم امن عمل کے تحت وقتی طور پر بحال ہوئی۔ جنوری 2016 میں پاکستان کی سرحد کے قریب واقع پٹھان کوٹ ایئربیس پر فوجیوں کے لباس میں ملبوس حملہ آوروں نے حملہ کیا۔ ٹینکوں اور ہیلی کاپٹروں کی مدد سے بھارتی افواج نے 15 گھنٹوں کی طویل جھڑپ کے بعد کنٹرول دوبارہ حاصل کیا۔ پانچوں حملہ آور اور دو اہلکار مارے گئے۔ بھارت نے الزام پاکستان پر لگایا، جبکہ پاکستان نے حملے کی مذمت کی۔ امن مذاکرات ایک بار پھر تعطل کا شکار ہو گئے۔ ستمبر 2016 میں اوڑی سیکٹر میں بھارتی فوجی اڈے پر حملے میں 18 فوجی ہلاک ہو گئے۔ بھارت نے اس کا الزام پاکستان پر لگایا اور سرجیکل اسٹرائیکس کے تحت ایل او سی پار دہشت گردوں کے مبینہ ٹھکانوں کو نشانہ بنایا۔ پاکستان نے کسی بھی بھارتی دراندازی کی تردید کی۔ فروری 2019 میں کشمیر میں ایک خودکش حملے میں 40 بھارتی فوجی اہلکار ہلاک ہوئے۔ بھارت نے جوابی کارروائی میں پاکستانی علاقے بالاکوٹ میں فضائی حملوں کا دعویٰ کیا اور پاکستان نے ایک طیارہ گرا دیا۔ اگست 2019 میں بھارت نے آئین کی دفعہ 370 کو منسوخ کر کے کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کر دی۔ پاکستان نے سفارتی تعلقات کم کرتے ہوئے دو طرفہ تجارت معطل کر دی۔ اپریل 2025 کو ایک حملے میں بھارتی کشمیر میں 26 ہندو سیاح ہلاک ہو گئے۔ بھارت نے الزام پاکستان پر لگایا، جبکہ پاکستان نے ملوث ہونے کی تردید کرتے ہوئے غیر جانبدار تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ بھارت نے 1960 کا آبی معاہدہ (انڈس واٹرز ٹریٹی) معطل کر دیا، جبکہ پاکستان نے بھارت کے ساتھ ہر قسم کی تجارت (بشمول تیسرے ممالک کے ذریعے) بند کر دی۔ دونوں ممالک نے ایک دوسرے کی فضائی کمپنیوں پر اپنی فضائی حدود بند کر دیں اور بھارت نے پاکستانی شہریوں کو جاری کردہ ویزے منسوخ کر دیے۔

**بقیہ 2**

لودھیانہ شمالی مغربی ہوائی اڈوں کی طرح عام پروازوں کے لیے بند کر دیا گیا ہے۔

**بقیہ 3**

[illegible]

